# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: I (Jadeed Adab)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

---

کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ حصہ اوّل میں سے تین اور حصہ دوم میں سے ایک سوال کا جواب تحریر کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال1: حوالۂ متن کے ساتھ ایک جزو کی تشریح کیجیے نیز فنی محاسن کی نشاندہی کیجیے۔

(ا)

ازل سے تیرا بندہ ہوں، تیرا ہر حکم آنکھوں پہ
مگر فرمانِ آزادی بجا لانا نہیں آتا
مجھے اے ناخدا آخر کسی کو منہ دکھانا ہے
بہانہ کر کے تنہا پار اتر جانا نہیں آتا
مصیبت کا پہاڑ آخر کسی دن کٹ ہی جائے گا
مجھے سر مار کر تیشے سے مر جانا نہیں آتا
دلِ بے حوصلہ ہے اک ذرا سی ٹھیس کا مہماں
وہ آنسو کیا پیے گا جس کو غم کھانا نہیں آتا

(ب)

پت جھڑ کی اداس سلطنت میں
اک شاخِ برہنہ تن پہ تنہا
بے برگ مسافتوں میں حیراں
کچھ زود شگفت شوخ کلیاں
جو ایک سرورِ سرکشی میں
اعلانِ بہار سے بھی پہلے
انجامِ خزاں پہ ہنس پڑی ہیں
تقدیرِ چمن بنی کھڑی ہیں

(حصہ اوّل)

سوال2: حسرت موہانی نے اپنی غزل کے ذریعے روایتی تصورِ حسن وعشق میں نمایاں تبدیلی پیدا کی۔ تائید یا تردید کیجیے۔

سوال3: ناصر کاظمی کی غزل میں پائی جانے والی اداسی کی فضا کا تعلق ہجرت کے تجربات سے ہے۔ بحث کیجیے۔

سوال4: فیض احمد فیض ایک حقیقت نگار شاعر تھے تاہم ان کی شاعری ہر دور میں رومان کی چاشنی سے معمور رہی۔ اظہارِ خیال کیجیے۔

سوال5: ن م راشد کی شاعری میں فکری اور فنی اہمیت کے حامل ''کرداری اور ڈرامائی عناصر'' کی فراوانی ہے۔ اظہارِ رائے کیجیے۔

سوال6: میرا جی کی نظم کے موضوعات اور فنی و اسلوبی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

(حصہ دوم)

سوال7: سفرنامہ کی صنفی خصوصیات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے محمود نظامی کے سفرنامے ''نظر نامہ'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

سوال8: خاکہ نگاری کی صنفی خصوصیات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے شاہد احمد دہلوی کی تصنیف ''گنجینۂ گوہر'' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

**UNIVERSITY OF THE PUNJAB**

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (New Course)** | **MAX. TIME: 3 Hrs.**

**PAPER: II (Tanqeed)** | **MAX. MARKS: 100**

---

نوٹ: درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے جواب تحریر کیجیے۔سوال نمبر 1 لازمی ہے۔

سوال نمبر1۔ درج ذیل نظم کا فکری و فنی تجزیہ کیجیے۔

**زنداں کی ایک شام**

شام کے پیچ و خم ستاروں سے
زینہ زینہ اُتر رہی ہے رات
یوں صبا پاس سے گزرتی ہے
جیسے کہہ دی کسی نے پیار کی بات
صحنِ زنداں کے بے وطن اشجار
سرنگوں، محو ہیں بنانے میں
دامنِ آسماں پہ نقش و نگار
شانۂ بام پر دمکتا ہے!
مہرباں چاندنی کا دستِ جمیل
خاک میں گھل گئی ہے آبِ نجوم
نُور میں گھل گیا ہے عرش کا نیل
سبز گوشوں میں نیلگوں سائے
لہلہاتے ہیں جس طرح دل میں
موجِ دردِ فراقِ یار آئے
دل سے پیہم خیال کہتا ہے
اتنی شیریں ہے زندگی اس پل
ظلم کا زہر گھولنے والے
کامراں ہو سکیں گے آج نہ کل
جلوہ گاہِ وصال کی شمعیں
وہ بجھا بھی چکے اگر تو کیا
چاند کو گُل کریں تو ہم جانیں

سوال نمبر2۔ نظری تنقید، عملی تنقید اور نقد الانتقاد پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر3۔ ارسطو کے المیے کے تصور پر بحث کیجیے۔

سوال نمبر4۔ اُردو میں رومانوی تنقید کی روایت پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر5۔ عمرانی تنقید میں احتشام حسین کی خدمات کا جائزہ پیش کیجیے۔

سوال نمبر6۔ نئی تنقید کے اہم نقادوں کے تصورات کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر7۔ ژاک لاکان کے حوالے سے نفسیاتی تنقید کی تفصیلی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر8۔ ردِ تشکیل کیا ہے؟ ردِ تشکیلی تنقید کے نظری اُصولوں کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر9۔ تانیثی تنقید کے اُصولوں اور طریقِ کار پر تفصیلی بحث کیجیے۔

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (New Course)** — **MAX. TIME: 3 Hrs.**

**PAPER: III (Iqbal Ka Khususi Mutalaa)** — **MAX. MARKS: 100**

---

نوٹ: درج ذیل میں سے پانچ سوالات کے جواب دیجئے۔ سوال نمبر 1 اور 2 لازمی ہیں۔ ہر سوال کے لئے مساوی نمبر مختص ہیں۔

سوال نمبر ۱: درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح حوالہ متن کے ساتھ کیجئے۔ نیز فنی محاسن کی نشاندہی کیجئے۔ (20)

الف)
پردہ اٹھادوں اگر چہرۂ افکار سے
لا نہ سکے گا فرنگ میری نواؤں کی تاب
جس میں نہ ہو انقلاب، موت ہے وہ زندگی
روحِ اُمم کی حیات، کشمکشِ انقلاب!
صورتِ شمشیر ہے دستِ قضا میں وہ قوم
کرتی ہے جو ہر زماں اپنے عمل کا حساب!
نقش ہیں سب ناتمام، خونِ جگر کے بغیر
نغمہ ہے سودائے خام، خونِ جگر کے بغیر!

ب)
کیا صوفی و ملا کو خبر میرے جنوں کی
اُن کا سرِ دامن بھی ابھی چاک نہیں ہے
کب تک رہے محکومیِ انجم میں مری خاک
یا میں نہیں، یا گردشِ افلاک نہیں ہے!
بجلی ہوں نظر کوہ و بیاباں پہ ہے مری
میرے لئے شایاں خس و خاشاک نہیں ہے!
عالم ہے فقط مومنِ جانباز کی میراث
مومن نہیں جو صاحبِ لولاک نہیں ہے!

سوال نمبر ۲ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح بحوالہ متن کیجئے۔ اور فنی محاسن کی نشاندہی بھی کیجئے۔ (20)

الف)
قطرہ ہا دریاست از آئینِ وصل
ذرہ ہا صحر است از آئینِ وصل
باطنِ ہر شے ز آئینے قوی
تو چرا غافل ز ایں ساماں روی
باز اے آزاد دستورِ قدیم
زینتِ پا کن ہماں زنجیرِ سیم
شکوہ سنج سختیِ آئیں مشو
از حدودِ مصطفیٰ ﷺ بیروں مرو

ب)
دم مرا صفت بادِ فرودیں کردند
گیاہ را ز سرشکم چو یاسمیں کردند
نمودِ لالہ صحرا نشیں ز خونابم
چنانکہ بادۂ لعلے بسا تگیں کردند
بلند بال چنانم کہ بر سپہر بریں
ہزار بار مرا نوریاں کمیں کردند
فروغِ آدمِ خاکی ز تازہ کاری ہاست
مر و ستارہ کنند آنچہ پیش ازیں کردند

سوال نمبر ۳ ناقدینِ اقبال نے اقبال کی شاعری کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا ہے؟ اقبال کی شاعری کے دوسرے دور کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔ (20)

سوال نمبر ۴: اقبال کی سوانح، شخصیت اور تصانیف کا جامع جائزہ لیجئے۔ (20)

سوال نمبر ۵: اقبال کی غزل گوئی کی بنیادی خصوصیات بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر ۶: اقبال کی شاعری کے فنی محاسن کی نشان دہی شعری مثالوں کے ساتھ کیجئے۔ (20)

سوال نمبر ۷: اقبال کے تصورِ مردِ کامل کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر ۸: اقبال کے تصورِ خودی کی توضیح کیجئے اور تربیتِ خودی کے مراحل کی وضاحت شعری امثال سے کیجئے۔ (20)

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ......................**

**Subject: Urdu (New Course)** — **MAX. TIME: 3 Hrs.**

**PAPER: IV (Usool-e-Tehqeeq-o-Tadveen)** — **MAX. MARKS: 100**

نوٹ: حصہ اول میں سے کوئی سے چار اور حصہ دوم میں سے ایک سوال حل کرنا لازم ہے۔ تمام سوالوں کے نمبر یکساں ہیں۔

## حصہ اول

سوال نمبر 1: تحقیق کا کیا مطلب ہے؟ تحقیق کی ضرورت واہمیت پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 2: تحقیق کی ذیل کی اصطلاحات میں سے دو پر نوٹ لکھیں۔

(الف) خاکہ (ب) بنیادی مآخذ (ج) ثانوی مآخذ (10+10=20)

سوال نمبر 3: اُردو تذکروں کی روایت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4: متن سے کیا مراد ہے؟ تدوین متن کی ضرورت واہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5: تدوین کے ذیل کے مآخذ میں سے دو پر نوٹ لکھیں۔

(الف) مکاتیب (ب) تذکرہ (ج) مخطوطہ (10+10=20)

سوال نمبر 6: صحتِ املا کے اصول وضوابط بیان کریں؟ (20)

سوال نمبر 7: تصحیح متن کے تقاضوں پر روشنی ڈالیں۔ (20)

## حصہ دوم

سوال نمبر 8: اُردو تحقیق وتدوین میں حافظ محمود شیرانی ادبی خدمات تفصیل سے بیان کیجئے۔

یا

سوال نمبر 9: اُردو تحقیق وتدوین میں مقتدرہ قومی زبان کی خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔ (20)

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (New Course)** — **MAX. TIME: 1 Hr. 30 Min.**

**PAPER: V(A) [Arbi Zuban O Adab]** — **MAX. MARKS: 50**

---

سوال نمبر۱: مندرجہ ذیل اجزاء (الف، ب) میں سے کسی ایک کا اردو میں بامحاورہ ترجمہ کریں۔ (13)

يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا اَيُحِبُّ
اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ [12:49] يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا
خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ

۱۔ اَلدُّنْيَا مَزْرَعَةُ الْآخِرَة

۲۔ اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ

۳۔ تَطْعِمُ الطَّعَامَ وَتَقْرَأُ السَّلَامَ عَلٰى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ۔

۴۔ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ

۵۔ اَلرَّاشِيْ وَالْمُرْتَشِيْ كِلَاهُمَا فِي النَّارِ۔

۶۔ خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَّنْفَعُ النَّاسَ۔ (12)

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل اجزاء میں سے کسی ایک کا اردو میں بامحاورہ ترجمہ کریں۔

(i)
الصِّيْنُ لَنَا وَالْعَرَبُ لَنَا وِيْنَا — وَالْهِنْدُ لَنَا وَالْكُلُّ لَنَا
أَضْحَى الْإِسْلَامُ لَنَا دِيْنًا — وَجَمِيْعُ الْكَوْنِ لَنَا وَطَنًا
تَوْحِيْدُ اللّٰهِ لَنَا نُوْرٌ — أَعْدَدْنَا الرُّوْحَ لَهُ سَكَنًا

(ii)
اَلْعِلْمُ شَجَرَةٌ وَالْعَمَلُ ثَمْرَتُهَا — وَلَوْ قَرَأْتُ الْعِلْمَ
مِأَةَ سَنَةٍ وَجَمَعْتُ أَلْفَ كِتَابٍ — لَنْ أَكُوْنَ مُسْتَعِدًّا
لِرَحْمَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى اِلَّا بِالْعَمَلِ

(iii)
لَا تَغْضَبِ الْجَلِيْسَا — لَا تُوْحِشِ الْأَنِيْسَ
لَا تُكْثِرِ الْعِتَابَا — تُنْفِرِ الْأَصْحَابَا
فَكَثْرَةُ الْمُعَاتَبَةِ — تَدْعُوْ اِلَى الْمُجَانَبَةُ

سوال نمبر۳: عربی میں ایک تا دس گنتی تحریر کریں۔ (5)

یا

موسموں کے عربی نام لکھیں۔

سوال نمبر۴: عربی ضمائر منفصلہ تحریر کریں۔ (10)

سوال نمبر۵: (i) مرکب اضافی کے قواعد بیان کریں اور تین تین مثالیں لکھیں۔ (10)

(ii) مؤنث الفاظ کے مذکر بنائیں۔

رَاشِدَةٌ — أُمٌّ — بِنْتٌ — صَالِحَةٌ — شَجَرَةٌ

P.T.O. for [Farsi Zuban O Adab]

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: V(B) [Farsi Zuban O Adab]**

**MAX. TIME: 1 Hr. 30 Min.**
**MAX. MARKS: 50**

سوال نمبر۱: مندرجہ ذیل مصادر میں سے صرف پانچ کا اردو ترجمہ اور مضارع لکھیے: (۱۰)

نوشتن، آوردن، پوشیدن، رسیدن، دیدن، رفتن، آمدن، گفتن، آفریدن، گرستن

یا

کسی بھی مصدر سے فعل حال کی گردان، صیغوں کے نام اور اردو معانی لکھیے۔

سوال نمبر۲: مرکب اضافی کی تعریف اور پانچ فارسی مثالیں لکھیے: (۱۰)

یا

کسی بھی مصدر سے ماضی استمراری گردان، صیغوں کے نام اور معانی لکھیے۔

سوال نمبر۳: کسی ایک اقتباس کا اردو ترجمہ لکھیے: (۱۵)

(الف) دو امیرزاده در مصر بودند یکی علم آموخت و دیگر مال اندوخت عاقبة الامر آن یکی علّامه عصر گشت و این یکی عزیز مصر شد پس این توانگر بچشم حقارت در فقیه نظر کردی و گفتی من بسلطنت رسیدم و این همچنان در مسکنت بمانده است گفت ای برادر شکر نعمت باری عزّاسمه همچنان افزونترست بر من که میراث پیغمبران یافتم یعنی علم و ترا میراث فرعون و هامان رسید یعنی ملك مصر.

(ب) شاعری صناعتی است که شاعر بدان صناعت اتّساقِ مقدّماتِ موهمه کند و التیامِ قیاسِ منتجه بر آن وجه که معنیِ خرد را بزرگ گرداند و معنی بزرگ را خرد؛ و نیکو را در خلعتِ زشت باز نماید و زشت را در صورت نیکو جلوه کند؛ و به ایهام قوّت هایِ غضبانی و شهوانی را برانگیزد.

سوال نمبر۴: کسی ایک شعری اقتباس کا اردو ترجمہ لکھیے: (۱۵)

(الف)
کجا بودی که امشب سوختی آزرده جانی را — به قدر روز محشر طول دادی هر زمانی را
سئوالی کن ز من امروز تا غوغا به شهر افتد — که اعجاز فلانی کرده گویا بی زبانی را
به هر جنسی که می گیرند اخلاص و وفا خوب است — پس از عمری گذر افتاده بر ما کروانی را
کتاب هفت ملّت گر بخواند آدمی عامی است — نخواند تا ز جزو آشنایی داستانی را

(ب)
بوادی که در آن خضر را عصا خفتست — بسینه می سپرم ره اگرچه پا خفتست
بدین نیاز که باتست، ناز می رسدم — گدا به سایۀ دیوار پادشا خفتست
به صبح حشر چنین خسته روسیه خیزد — که در شکایتِ درد و غم دوا خفتست
خروش حلقۀ رندان ز نازنین پسری است — که سر به زانوی زاهد به بوریا خفتست

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

Roll No. in Fig. ........................

Roll No. in Words. ..............

........................................

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: VI (Hali-o-Akber Ki Shaeree Ka Khususi Mutalaa)**

**MAX. TIME: 15 Min.**
**MAX. MARKS: 10**

........................
Signature of Supdt.:

**Attempt this Paper on this Question Sheet only.**
**Please encircle the correct option. Division of marks is given in front of each question.**
**This Paper will be collected back after expiry of time limit mentioned above.**

سوالنمبر 1۔مندرجہ ذیل کثیر الانتخابی سوالات میں سے درست جواب کا انتخاب کر کے اس پر دائرہ لگائیے (۱۰)

۱۔ مولانا حالی کا سنِ وفات ہے۔

الف)۱۹۰۸ء ب)۱۹۱۰ء ج)۱۹۱۲ء د)۱۹۱۴ء

۲۔ ''برکھارت'' مثنوی ہے۔

الف)میر کی ب)اکبر کی ج)حالی کی د)مرزا شوق کی

۳۔ ''حیاتِ جاوید'' کا سنِ اشاعت ہے۔

الف)۱۹۰۱ء ب)۱۹۰۳ء ج)۱۹۰۵ء د)۱۹۰۷ء

۴۔ اُردو نثر کے عناصرِ خمسہ میں شمار ہوتا ہے۔

الف)میر کا ب)حالی کا ج)غالب کا د)مومن کا

۵۔ مولانا حالی کے والد کا نام ہے۔

الف)خواجہ احمد اللہ انصاری ب)خواجہ نصر اللہ انصاری ج)خواجہ عطاء اللہ انصاری د)خواجہ ایزد بخش انصاری

۶۔ اکبرالہ آبادی کا سن پیدائش ہے۔

الف)۱۸۴۴ء ب)۱۸۴۶ء ج)۱۸۴۸ء د)۱۸۵۰ء

۷۔ موضوعات کے اعتبار سے اکبر کی شاعری کو ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

الف)پانچ ب)چھ ج)سات د)آٹھ

۸۔ ''مطالعہ اکبر'' کے مصنف ہیں۔

الف)ڈاکٹر غلام مصطفی خان ب)ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار ج)ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا د)اختر انصاری

۹۔ اکبرالہ آبادی اصلاحِ سخن لیتے تھے۔

الف)داغ سے ب)آتش سے ج)ناسخ سے د)وحید سے

۱۰۔ ''لسان العصر'' خطاب ہے۔

الف)حالی کا ب)شبلی کا ج)اکبر کا د)آزاد کا

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: VII (Lisaniyat)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

نوٹ: حصہ اوّل میں سے دو اور حصہ دُوم میں سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

## حصہ اوّل

۱۔ زبان کیا ہے؟ مختلف مفکرین کی آرا کی روشنی میں بحث کیجیے۔

۲۔ لسانیات سے کیا مراد ہے؟ دیگر علوم سے لسانیات کے تعلق کی وضاحت کیجیے۔

۳۔ تاریخی لسانیات پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے۔

۴۔ زبانوں کے اہم خاندان اور اس میں شامل زبانوں کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

## حصہ دُوم

۵۔ پنجاب میں اردو زبان کی ابتدا اور ارتقا کے حوالے سے حافظ محمود شیرانی کے خیالات کا جائزہ پیش کیجیے۔

۶۔ بعض ماہرینِ لسانیات دہلی اور نواحِ دہلی میں اردو زبان کے آغاز و ارتقا کے نظریے کی تردید کن بنیادوں پر کرتے ہیں، مدلل تحریر کیجیے۔

۷۔ اردو اور کسی ایک پاکستانی زبان کے لسانی اشتراکات پر جامع نوٹ لکھیے۔

۸۔ مختلف ادوار میں اردو زبان کے مختلف نام کیا رہے؟ مثالوں کی مدد سے وضاحت کیجیے۔

۹۔ اردو زبان کی تشکیل میں درج ذیل زبانوں کے کردار پر مختصر نوٹ لکھیں۔

الف) ہریانی　　ب) کھڑی بولی　　ج) برج بھاشا

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ..................**

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: VIII (Masar Urdu Adab)**

**MAX. TIME: 2 Hrs. 45 Min.**
**MAX. MARKS: 90**

**ATTEMPT THIS (SUBJECTIVE) ON THE SEPARATE ANSWER SHEET PROVIDED**

**نوٹ: سوال نمبر ۲ لازمی ہے باقی سوالات میں سے چار سوالات حل کریں۔**

سوال نمبر ۱: درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ ۱۰=۳+۳+۳+۱

۱۔ گھر جاتا ہے دل درد کی ہر بند گلی میں ☆☆☆ چاہو کہ نکل جائیں تو رستہ نہیں ہوتا

یادوں پہ بھی جم جاتی ہے جب گرد زمانہ ☆☆☆ ملتا ہے وہ پیغام کہ پہنچا نہیں ہوتا

تنہائی میں کرنی تو ہے اِک بات کسی سے ☆☆☆ لیکن وہ کسی وقت اکیلا نہیں ہوتا

۲۔ ۱۰=۹+۱

آٹھ موٹر سائیکلیں

آٹھ موٹر سائیکلیں سگنل پہ تھیں

اُن سے زیادہ لوگ تھے فٹ پاتھ پر

ہر طرف لوگوں سے زیادہ پھول تھے

آسماں نیلا تھا اور بادل سفید

زندگی لیکن بہت بے رنگ تھی

اِس قدر بے رنگ ہو جب زندگی

دِن محبت میں گزر پاتے نہیں

خواب لوگوں کو نظر آتے نہیں

آٹھ موٹر سائیکلوں کے ساتھ ساتھ

راستے اُس طرف کو جاتے نہیں

سوال نمبر ۳: ''کئی چاند تھے سرِ آسماں'' عمومی اُردو ناولوں سے یکسر مختلف تخلیقی تجربہ ہے۔ مدلّل تائیدی یا تردیدی مضمون لکھیے۔ ۲۰

سوال نمبر ۴: نیر مسعود کے افسانوں کی ایک اہم جہت غیر معمولی ہونا بھی ہے۔ مفصل تائیدی یا تنقیدی مضمون لکھیے۔ ۲۰

سوال نمبر ۵: خالدہ حسین کے پانچ نمایندہ افسانوں کے ذریعے اُن کی افسانہ نگاری کے متعلق تعارفی مضمون لکھیے۔ ۲۰

سوال نمبر ۶: منشا یاد کی افسانہ نگاری ترقی پسند تحریک سے متاثر ہے۔ تائیدی یا تردیدی مضمون لکھیے۔ ۲۰

سوال نمبر ۷: کراچی، ذی شان ساحل کی شاعری کا اہم حوالہ اور علامت ہے۔ مفصل تعارفی مضمون لکھیے۔ ۲۰

سوال نمبر ۸: 'آبِ رواں' کی غزلیں ظفر اقبال کے اینٹی غزل تخصص کی نفی کرتی ہیں۔ مثالوں سے واضح کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر ۹: اُداسی احمد مشتاق کی غزل گوئی کا توجہ طلب موضوع ہے۔ مربوط تائیدی یا تردیدی جائزہ پیش کیجیے۔ ۲۰

سوال نمبر ۱۰: عباس اطہر کی اہم نظموں کو بنیاد بنا کر تعارفی مضمون لکھیے۔ ۲۰

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

Roll No. in Fig. ..................

Roll No. in Words. ..................

..........................

**Subject: Urdu (New Course)**
**PAPER: VIII (Masar Urdu Adab)**

**MAX. TIME: 15 Min.**
**MAX. MARKS: 10**

..................
Signature of Supdt.:

**Attempt this Paper on this Question Sheet only.**
**Please encircle the correct option. Division of marks is given in front of each question.**
**This Paper will be collected back after expiry of time limit mentioned above.**

پہلا سوال لازمی ہے۔ معروضی سوال کے لیے درست جواب پر دائرہ لگانا ہوگا۔ جس میں کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھا گیا، درست جواب بھی غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر۱، حصّہ الف۔ دیے گئے دس سوالات کے درست جوابات کی نشان دہی کیجیے۔ $1\times10=10$

۱ : ''مصروف عورت''، ''مَیں یہاں ہوں'' اور ''ہیں خواب میں ہنوز'' کس اُردو کہانی کار کی کہانیوں کے مجموعوں کے نام ہیں؟

ا : منشایاد ب : نیّر مسعود ج : خالدہ حسین د : اسد محمّد خان

۲۔ اُردو افسانوی مجموعہ ''گنجفہ'' کس افسانہ نگار کی تخلیق ہے؟

ا : منشایاد ب : نیّر مسعود ج : اسد محمّد خان د : خالدہ حسین

۳۔ ''کنواں''، ''گلی'' اور ''سمندر'' صنفِ ادب کے اعتبار سے کیا ہیں؟

ا : اُردو نظمیں ب : اُردو ناول ج : اُردو افسانے د : اُردو انشائیے

۴۔ ''تجدید''، ''رطب ویابس'' اور ''تشکیل'' کس اُردو شاعر کے شعری مجموعے ہیں؟

ا : ظفر اقبال ب : شمس الرحمٰن فاروقی ج : احمد مشتاق د : ذی شان ساحل

۵۔ ''کھڑکی بھر آسمان''، ''تیسرے پہر کی کہانیاں'' اور ''بُرجِ خموشاں'' کس اُردو کہانی کار کی کہانیوں کے مجموعے ہیں؟

ا : منشایاد ب : نیّر مسعود ج : اسد محمّد خان د : شمس الرحمٰن فاروقی

۶۔ ناول ''کئی چاند تھے سرِ آسماں'' کے ایک کردار شمس الدین احمد خان کی موت کیسے واقع ہوئی؟

ا : وہ سمندر میں ڈوبا ب : وہ قتل ہوا ج : اُسے زہر دیا گیا د : اُسے پھانسی دی گئی

۷۔ ''مجموعہ''، ''گردِ مہتاب'' اور ''اوراقِ خزانی'' کس اُردو شاعر کے شعری مجموعوں کے نام ہیں؟

ا : سلیم احمد ب : احمد مشتاق ج : ذی شان ساحل د : ظفر اقبال

۸۔ ''ذِکر''، ''کہاسُنا''، ''دِن چڑھے دریا چڑھے'' اور ''آواز دے کے دیکھ لو'' کس جدید اُردو شاعر کی شعری تالیفات ہیں؟

ا : ظفر اقبال ب : عباس اطہر ج : شمس الرحمٰن فاروقی د : انیس ناگی

۹۔ ''کھوئے''، ''جلی ہوئی الماری'' اور ''تدفین'' صنفِ ادب کے اعتبار سے کیا ہیں؟

ا : اُردو نظمیں ب : اُردو افسانے ج : اُردو مضامین د : اُردو ناول

۱۰۔ ''مارگیر''، ''جانوس'' اور ''بادنما'' کس اُردو افسانہ نگار کے لکھے ہوئے افسانے ہیں؟

ا : منشایاد ب : نیّر مسعود ج : خالدہ حسین د : اسد محمّد خان

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. .....................**

**Subject: Urdu (Old Course)**
**PAPER: I (Urdu Adab Beesveen Sadi Main)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

کل پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ حصہ اوّل میں سے تین اور حصہ دوم میں سے ایک سوال کا جواب تحریر کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال1: حوالۂ متن کے ساتھ ایک جزو کی تشریح کیجیے نیز فنی محاسن کی نشاندہی کیجیے۔

(ا)

مرے چارہ گر کو نوید ہو، صفِ دشمناں کو خبر کرو
جو وہ قرض رکھتے تھے جان پر وہ حساب آج چکا دیا
کرو کج جبیں پہ سرِ کفن مرے قاتلوں کو گماں نہ ہو
کہ غرورِ عشق کا بانکپن پسِ مرگ ہم نے بھلا دیا
اُدھر ایک حرف کہ کشتنی، یہاں لاکھ عذر تھا گفتنی
جو کہا تو سُن کے اڑا دیا جو لکھا تو پڑھ کے مٹا دیا
جو رکے تو کوہِ گراں تھے ہم، جو چلے تو جاں سے گزر گئے
رہِ یار ہم نے قدم قدم تجھے یادگار بنا دیا

(ب)

شکر ہے دنبالۂ زنجیر میں
اک نئی جنبش، نئی لرزش ہویدا ہو چلی
ظلم پروردہ غلاموں بھاگ جاؤ
پردۂ شبگیر میں اپنے سلاسل توڑ کر
چار سو چھائے ہوئے ظلمات کو اب چیر جاؤ
اور اس ہنگامِ باد آورد کو
حیلۂ شب خوں بناؤ!

(حصہ اوّل)

سوال2: ''طبعِ حسرت نے اٹھایا ہے ہر استاد سے فیض'' کی روشنی میں حسرت موہانی کے امتزاجی رنگِ تغزل کا جائزہ لیجیے۔

سوال3: یاس یگانہ چنگیزی کی انا پسندی نے ان کی غزل کو ایک خاص طرح کی انفرادیت عطا کی ہے۔ بحث کیجیے۔

سوال4: ن م راشد نے آزاد نظم کے فن کو اس کے نقطۂ عروج تک پہنچا دیا۔ وضاحت کیجیے۔

سوال5: وہ کیا خصوصیات ہیں جن کی بنا پر میرا جی کی شاعری کو دھرتی پوجا کی مثال قرار دیا گیا ہے؟ اظہارِ رائے کیجیے۔

سوال6: حفیظ جالندھری کی گیت نگاری کے فنی خصائص میں موسیقیت و غنائیت کو خاص درجہ حاصل ہے۔ تائید یا تردید کیجیے۔

(حصہ دوم)

سوال7: خاکہ نگاری کے فنی تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے شاہد احمد دہلوی کی تصنیف ''گنجینۂ گوہر'' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

سوال8: ''جہانِ دانش ایک ایسی آپ بیتی ہے جس میں احسان دانش کی ذات ہی نہیں، اُن کا عہد بھی دکھائی دیتا ہے۔'' اظہارِ خیال کیجیے۔

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ......................**

**Subject: Urdu (Old Course)**
**PAPER: II (Tanqeed)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

---

نوٹ: کوئی سے پانچ سوالات کے جواب تحریر کیجیے۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر 1۔ نظری تنقید، عملی تنقید اور نقد الانتقاد پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر 2۔ جمالیاتی تنقید کے نظری اُصولوں پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر 3۔ نفسیاتی تنقید کے تصورات کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 4۔ اُسلوبیاتی تنقید کے طریقِ کار کی تفصیلی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر ۵۔ پسِ ساختیات کیا ہے؟ پسِ ساختیاتی تنقید پر مفصل نوٹ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 6۔ ارسطو نے شاعری کے بارے میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے، اُن کا محاکمہ کیجیے۔

سوال نمبر 7۔ ایلیٹ، روایت اور انفرادی صلاحیت کے رشتے کا تذکرہ کرتا ہے۔ کیوں؟ تفصیلی جواب دیجیے۔

سوال نمبر 8۔ شبلی کے محاکات اور تخیل کے تصورات کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

سوال نمبر 9۔ محمد حسن عسکری کے تصورِ روایت پر تفصیلی بحث کیجیے۔

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ......................**

**Subject: Urdu (Old Course)**
**PAPER: III (Iqbal Ka Khususi Mutalaa)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

---

نوٹ: درج ذیل میں سے پانچ سوالات کے جواب دیجئے۔ سوال نمبر 1 اور 2 لازمی ہیں۔ ہر سوال کے لئے مساوی نمبر مختص ہیں۔

سوال نمبر ۱: حوالہ متن کے ساتھ کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے۔ نیز تمام اشعار کے فنی محاسن کی نشاندہی کیجئے۔ (20)

الف)
حور و فرشتہ ہیں اسیر میرے تخیلات میں
میری نگاہ سے خلل تیری تجلیات میں!
گرچہ ہے میری جستجو دیر و حرم کی نقشبند
میری فغاں سے رستخیز کعبہ و سومنات میں!
گاہ مری نگاہِ تیز چیر گئی دلِ وجود
گاہ الجھ کے رہ گئی میرے توہمات میں!
تو نے یہ کیا غضب کیا! مجھ کو بھی فاش کر دیا
میں ہی تو ایک راز تھا سینہ کائنات میں!

ب)
خودی کی خلوتوں میں گم رہا میں
خدا کے سامنے گویا نہ تھا میں!
نہ دیکھا آنکھ اٹھا کر جلوہ دوست
قیامت میں تماشا بن گیا میں!
ترا اندیشہ افلاکی نہیں ہے
تری پرواز لولاکی نہیں ہے
یہ مانا اصل شاہینی ہے تیری
تری آنکھوں میں بے باکی نہیں ہے

سوال نمبر ۲: حوالہ متن کے ساتھ کسی ایک جزو کی تشریح کریں، نیز فنی محاسن کی نشاندہی بھی کیجئے۔ (20)

الف)
تراش از تیشہ خود جادہ خویش
براہِ دیگراں رفتن عذاب است
گر از دستِ تو کارِ نادر آید
گناہے ہم اگر باشد ثواب است
ہزاروں سال با فطرت نشستم
باو پیوستم و از خود گسستم
ولیکن سرگذشتم ایں دو حرف است
تراشیدم، پرستیدم، شکستم

ب)
ز قید و صیدِ نہنگاں حکایتے آور
مگو کہ زورقِ ما روشناسِ دریا نیست
مریدِ ہمتِ آں، رہروم کہ پا نگذشت
بہ جادہ کہ در کوہ و دشت و دریا نیست
شریک حلقہ رندانِ بادہ پیما باش
حذر ز بیعتِ پیرے کہ مردِ غوغا نیست
برہنہ حرف نہ گفتن کمال گویائی است
حدیث خلوتیاں جز بہ رمز و ایما نیست

سوال نمبر ۳: اقبال وطنیت کو چھوڑ کر ملت کے تصور کی طرف کیونکر آئے؟ ان کے ملی تصور کے بنیادی نکات تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر ۴: علامہ اقبال کی شاعری کو ادوار میں کیوں تقسیم کیا جاتا ہے؟ ان کی شاعری کے تیسرے دور کی خصوصیات قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر ۵: اقبال کے تصورِ خودی کی وضاحت کریں اور ان کے بیان کردہ تربیتِ خودی کے مراحل پر تفصیلاً اظہارِ خیال کیجئے۔ (20)

سوال نمبر ۶: اقبال عقل پر عشق کو کیوں ترجیح دیتے ہیں؟ ان کے تصور عشق و عقل کی وضاحت تقابلی انداز میں کیجئے۔ (20)

سوال نمبر ۷: اقبال نے مختلف فنونِ لطیفہ کے بارے میں کن خیالات کا اظہار کیا؟ ان کے تصورِ فن کی روشنی میں جواب دیجئے۔ (20)

سوال نمبر ۸: اقبال کی غزل کی فکری و فنی جہات پر روشنی ڈالئے۔ (20)

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. .....................**

**Subject: Urdu (Old Course)**
**PAPER: IV (Lisaniyat)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ حصہ اوّل میں سے ایک اور حصہ دُوم میں سے چار سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

## حصہ اوّل

۱۔ زبان کیا ہے؟ مختلف مفکرین کی آرا کی روشنی میں بحث کیجیے۔

۲۔ لسانیات سے کیا مراد ہے؟ دیگر علوم سے لسانیات کے تعلق کی وضاحت کیجیے۔

۳۔ زبانوں کے اہم خاندان اور اس میں شامل زبانوں کا جائزہ پیش کیجیے۔

## حصہ دُوم

۴۔ پنجاب میں اردو زبان کی ابتدا اور ارتقا کے حوالے سے حافظ محمود شیرانی کے خیالات کا جائزہ پیش کیجیے۔

۵۔ بعض ماہرینِ لسانیات دہلی اور نواحِ دہلی میں اردو زبان کے آغاز و ارتقا کے نظریے کی تردید کن بنیادوں پر کرتے ہیں، مدلل تحریر کیجیے۔

۶۔ اردو اور کھڑی بولی کے لسانی اشتراکات پر جامع نوٹ لکھیے۔

۷۔ مختلف ادوار میں اردو زبان کے مختلف نام کیا رہے؟ مثالوں کی مدد سے وضاحت کیجیے۔

۸۔ انیسویں صدی میں ہندوستانی لغت نویسوں کی خدمات پر تعارفی مضمون لکھیے۔

۹۔ (الف)۔ درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ قلم بند کیجیے۔ (۱۰+۱۰=۲۰)

الف) دکن میں اردو    ب) ناسخ کی اصلاحِ زبان کی تحریک    ج) فرہنگِ آصفیہ

(ب) درج ذیل کتب کے مصنفین/مؤلفین کے نام لکھیے۔

۱) عام لسانیات    ۲) ایک بھاشا جو مسترد کر دی گئی    ۳) ہندوستانی صوتیات

۴) حافظ محمود شیرانی اور ان کی علمی و ادبی خدمات    ۵) دریائے لطافت

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (Old Course)**
**PAPER: V (Hali-o-Akber Ki Shaeree Ka Khususi Mutalaa)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

نوٹ: حصہ اول اور حصہ دوم میں سے دو دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے اور حصہ سوم میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔

(حصہ اوّل)

سوال نمبر۱: حالی کی مثنوی نگاری پر نوٹ تحریر کیجیے۔ (۲۰)

سوال نمبر۲: حالی کے مختلف مرثیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حالی کی مرثیہ گوئی کا جائزہ لیجیے۔ (۲۰)

سوال نمبر۳: ملی نشاۃ ثانیہ کے حوالے سے حالی و اکبر کی شاعری کے مشترکہ عناصر بیان کیجیے۔ (۲۰)

سوال نمبر۴: مدوجزرِ اسلام اور دیگر قومی و ملی نظموں کے حوالے سے حالی کی نظم گوئی کا جائزہ لیجیے۔ (۲۰)

(حصہ دوم)

سوال نمبر۵: اکبر کی قطعہ نگاری پر نوٹ لکھیے۔ (۲۰)

سوال نمبر۶: اکبر کی غزل عصری شعور کی آئینہ دار ہے۔ شعری مثالوں سے واضح کیجیے۔ (۲۰)

سوال نمبر۷: اکبر کا نظریہ تعلیم عصرِ حاضر کی تعلیمی صورتِ حال میں بھی ہماری راہنمائی کر سکتا ہے۔ بحث کیجیے۔ (۲۰)

سوال نمبر۸: اُردو شاعری میں طنز و مزاح کی روایت کا جائزہ لیتے ہوئے اکبر کی طنزیہ و مزاحیہ شاعری پر نوٹ لکھیے۔ (۲۰)

(حصہ سوم)

سوال نمبر۹: مندرجہ ذیل اجزا میں سے کسی ایک جزو کی اس طرح تشریح کیجیے کہ فنی محاسن واضح ہو جائیں۔ (۲۰)

(الف)

جس کو غصے میں لگاوٹ کی ادا یاد رہے
آج دل لے گا اگر کل نہ لیا یاد رہے
ہم بھی آدابِ شریعت سے تھے آگاہ مگر
نہ ہو برتاؤ میں جو رسم وہ کیا یاد رہے
یاد آؤ گے بہت لطف سمجھ کر کیجیے
اس بھلائی کا ہے انجام برا یاد رہے
خضر نے پاؤں اگر دشتِ فنا میں رکھا
بھول جائیں گے رہِ آبِ بقا یاد رہے
شیخ یاں شرمِ گناہ شوق بھلا دیتا ہے
توبہ اُن کی ہے جنھیں اپنی خطا یاد رہے

(ب)

اجل سے وہ ڈریں جینے کو جو اچھا سمجھتے ہیں
یہاں ہم چار دن کی زندگی کو کیا سمجھتے ہیں
ہمیں ہے خاکساری میں بھی ڈر محسود ہونے کا
اسے بھی ہم غبارِ خاطرِ اعداء سمجھتے ہیں
تمہاری ناخوشی کا ڈر ہمیں مجبور رکھتا ہے
نہیں تو اے صنم! اغیار کو ہم کیا سمجھتے ہیں
یقیں کفار کو آتا نہیں روزِ قیامت کا
اُسے بھی وہ تمہارا وعدۂ فردا سمجھتے ہیں
جنوں زائل ہوا، ہوش آ گیا، صحت ہوئی ہم کو
بڑے عیار ہو تم، اب تو ہم اتنا سمجھتے ہیں

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

## Part-II : Supplementary Examination 2018

**Examination:- M.A./M.Sc.**

Roll No. ......................

**Subject: Urdu (Old Course)**
**PAPER: VI (Almi Classic, Taarufi Mutalaa)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

حصہ اوّل میں سے تین اور حصہ دوم میں سے دو سوالوں کے جواب لکھیں۔ تمام سوالوں کے نمبر یکساں ہیں۔

**حصہ اوّل**

۱۔ "منطق الطیر" کی تمثیلی جہت کی عصرِ حاضر میں کیا اہمیت ہے؟ مدلّل انداز میں تعارفی مضمون لکھیے۔ ۲۰

۲۔ شیکسپیئر کے ڈراموں کی مزاحیہ جہت کی معنویت کے حوالے سے تعارفی اور تنقیدی مضمون تحریر کیجیے۔ ۲۰

۳۔ ملٹن کی اہم مختصر نظموں کے بارے میں مفصّل تعارفی مضمون تحریر کیجیے۔ ۲۰

۴۔ رومی کی شاعری میں محبت بہت اہم موضوع ہے۔ تائیدی یا تردیدی مضمون لکھیے۔ ۲۰

۵۔ "فاوسٹ" انسانی ضمیر کو جگانے کی ایک موثر کاوش ہے۔ مدلّل بحث کیجیے۔ ۲۰

**حصہ دوم**

۶۔ واقعیت نگاری بالزاک کے فن کا بنیادی حوالہ ہے۔ مفصل مضمون لکھیے۔ ۲۰

۷۔ فکری اعتبار سے چارلس ڈکنز کے دو اہم ترین ناول کون سے ہیں؟ معروضی تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔ ۲۰

۸۔ "جنگ و امن" کو دنیا کے بہترین ناولوں میں کیوں شامل کیا جاتا ہے؟ تنقیدی اور اسلوبیاتی حوالے سے بحث کیجیے۔ ۲۰

۹۔ "موبی ڈک" کی اسلوبیاتی اہمیت بیان کیجیے۔ ۲۰

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ......................**

**Subject: Urdu (Old Course)**
**PAPER: VII-1 (Mir-o-Ghalib Ki Shaeree Ka Khususi Mutalaa)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جواب درکار ہیں۔ تشریح متن کا سوال لازمی ہے۔ دوسرے دو حصوں میں سے دو، دو سوالات کے جوابات دینا ہوں گے
تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال نمبر 1۔ دیے گئے شعری اقتباسات میں سے دو، دو اشعار کی تشریح کیجیے۔

(الف)

تھا مستعار حسن سے اس کے جو نور تھا — خورشید میں بھی اس ہی کا ذرہ ظہور تھا
ہنگامہ گرم کن جو دل ناصبور تھا — پیدا ہر ایک نالے سے شور نشور تھا
پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا کے تئیں — معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا
آتش بلند دل نہ تھی ورنہ اے کلیم — یک شعلہ برق خرمن صد کوہ طور تھا

(ب)

ذکر اس پری وش کا اور پھر بیاں اپنا — بن گیا رقیب آخر تھا جو رازداں اپنا
مے وہ کیوں بہت پیتے بزم غیر میں یارب — آج ہی ہوا منظور ان کو امتحاں اپنا
دے وہ جس قدر ذلت ہم ہنسی میں ٹالیں گے — بارے آشنا نکلا ان کا پاسباں اپنا
درد دل لکھوں کب تک جاؤں ان کو دکھلا دوں — انگلیاں فگار اپنی، خامہ خونچکاں اپنا

حصہ اول

سوال نمبر 2۔ میر کی شاعری کے فنی اور اسلوبیاتی عناصر کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کے فن کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر 3۔ میر کی شاعری ان کے عہد کو کس حد تک سامنے لاتی ہے بحث کیجیے۔

سوال نمبر 4۔ میر کی شاعری کے فکری و صوفیانہ عناصر کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر 5۔ میر شناسی کی روایت میں گوپی چند نارنگ کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

حصہ دوم

سوال نمبر 6۔ غالب رشک کا شاعر ہے وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 7۔ غالب کی شعری عظمت کے اسباب وضاحتسے بیان کیجیے۔

سوال نمبر 8۔ غالب کے تصور حسن و عشق کا بھرپور جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر 9۔ غالب شناسی کی روایت میں شیخ محمد اکرام کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ......................**

**Subject: Urdu (Old Course)**
**PAPER: VIII (Janoobi Asia Ki Muslim Tehzeeb aur Fikr Ka Mutalaa)**

**MAX. TIME: 3 Hrs.**
**MAX. MARKS: 100**

---

نوٹ: کوئی سے چار سوال حل کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں

سوال نمبر ۱: انیسویں صدی میں قرآن کریم کے جو اردو تراجم ہوئے ان میں سے کسی ایک ترجمے کے لسانی محاسن کا مفصل جائزہ لیں۔

سوال نمبر ۲: محسن کاکوروی کی نعتیہ شاعری کی خصوصیات بیان کریں۔

سوال نمبر ۳: اردو غزل متصوفانہ افکار و نظریات سے ضیابار ہے، دلائل کے ساتھ اس رائے کا محاکمہ کریں۔

سوال نمبر ۴: اردو زبان و ادب کی تشکیل اور ترویج میں صوفیہ نے بنیادی کردار ادا کیا۔ مثالوں کے ساتھ اس رائے کا جائزہ لیں۔

سوال نمبر ۵: مجدد الف ثانی کی علمی اور سیاسی خدمات پر جامع نوٹ قلمبند کریں۔

سوال نمبر ۶: دیوبند نے برِ صغیر کے مسلمانوں کی علمی اور سیاسی حوالے سے کیا خدمات انجام دیں، تفصیلاً بیان کریں۔

سوال نمبر ۷: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں۔

الف) اعظم گڑھ کا دبستان علمی

ب) اردو شاعری کا سیاسی پس منظر

# UNIVERSITY OF THE PUNJAB

**Part-II : Supplementary Examination 2018**

**Examination:- M.A./M.Sc.**

**Roll No. ....................**

**Subject: Urdu (Old Course)** **MAX. TIME: 3 Hrs.**

**PAPER: IX (Usool-e-Tehqeeq-o-Tadveen)** **MAX. MARKS: 100**

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جوابات دیجئے۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔
حصہ دوم میں سے کسی ایک سوال کا حل کرنا لازمی ہے۔

## (حصہ اول)

سوال نمبر1: تحقیق کیا ہے؟ تحقیق کی ضرورت و اہمیت بیان کیجئے۔

سوال نمبر2: کوئی سی تحقیقی اصطلاحات پر نوٹ لکھیں۔

(الف) تحقیقی مفروضہ (ب) خاکہ (ج) حواشی

سوال نمبر3: اردو میں تذکروں کی روایت بیان کریں۔

سوال نمبر4: تدوینِ متن کی ضرورت و اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر5: تدوین کے درج ذیل مآخذ میں سے دو پر نوٹ لکھیے۔

(الف) بیاض (ب) مخطوطہ (ج) مکاتیب

سوال نمبر6: تصحیحِ متن سے کیا مراد ہے اور اس کے کیا تقاضے ہیں؟

سوال نمبر7: صحتِ املا کے اصول و ضوابط پر روشنی ڈالیں۔

## (حصہ دوم)

سوال نمبر8: رشید حسن خان کی تحقیق و تدوین کے سلسلے میں خدمات بیان کریں۔

سوال نمبر9: دار الترجمہ عثمانیہ نے اردو کی ترویج و ترقی کے سلسلے میں کیا کردار ادا کیا۔